© rasailojaraid.com



ساتھ کیوں شائع کیا گیا۔اہل علم حضرات کے لیے یہ لمحۂ فکریہ ہے۔ یاد رہے کہ امریکی صدر ابراہم لنکن نے امیر عبدالقادر کو دو پستول تحفے میں بھیجے تھے۔ان کی تصویر اس کتاب کے صفحہ آخر میں موجود ہے۔امیر عبدالقادر کی ایک تصویر صفحہ ۴۵۵ پر ہے۔ جس میں ان کے سینے مغربی تمغے سجے ہوئے ہیں اور وہ باقاعدہ انداز میں اپنی نشست پر موجود ہیں۔( تبصرہ: جاوید اختر بھٹی )

● **ماہنامہ المدینہ کراچی ''قرآن کریم نمبر''　ضخامت: ۲۴۸　قیمت: ۳۰۰ روپے**

**ملنے کا پتا:** E-36، گراؤنڈ فلور، 21 کمرشل اسٹریٹ فیز 2، ایکسٹینشن ڈیفنس کراچی۔0300-2204255

محترم قاری حامد محمود قادری کی زیر ادارت شائع ہونے والے ماہنامہ ''المدینہ'' کراچی فروری، مارچ ۲۰۱۱ء کی خصوصی اشاعت قرآنِ کریم نمبر زیر مطالعہ ہے۔قرآنِ مجید کے مختلف موضوعات پر تینتیس علمی و تحقیقی مضامین کا عظیم الشان مجموعہ ہے۔قرآنِ کریم کی تلاوت، تعلیم و تدریس اور تبلیغ و اشاعت ہر مسلمان کے فرائض میں شامل ہے۔ نبی خاتم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ''تم میں بہترین شخص وہ ہے جو قرآنِ کریم سیکھے اور سکھائے۔'' صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے قرآن پر عمل کر کے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو راضی کیا اور دنیا و آخرت میں کامیاب ہو گئے۔مسلمانوں کی زبوں حالی اور پریشانی قرآن سے روگردانی کی سزا ہے۔خوش نصیب ہیں وہ مسلمان جنہیں فسق و فجور کے اس دور میں علومِ قرآن کی ترویج و اشاعت کی توفیق حاصل ہے۔ ماہنامہ المدینہ کی خصوصی اشاعت قدیم و جدید علما و مفسرین کے معیاری مضامین اور مستند تحریروں کا خوبصورت انتخاب ہے۔اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔( آمین )( تبصرہ: سید عطاء المنان بخاری )

● **ماہنامہ المدینہ کراچی ''رمضان المبارک نمبر''**

نیکیوں کے موسمِ بہار رمضان المبارک کے مقاصد، روزے کی حکمت، مسلم معاشرے پر رمضان کے اثرات و برکات، رمضان کے حوالے سے غزوۂ بدر، ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی سیرت و کردار اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی شخصیت، کردار اور صفاتِ عالیہ اور ایسے ہی ایمان افروز مضامین پر مشتمل یہ اشاعت ذہنوں کو جلا بخشتی ہے اور قلوب کو منور کرتی ہے۔۱۶۲ صفحات اور قیمت ۔/۲۰۰ روپے ہے۔درج بالا پتے سے مل سکتی ہے۔

( تبصرہ: سید عطاء المنان بخاری )

**رمضان المبارک میں تحریک تحفظِ ختمِ نبوت اور مدارس سے تعاون کیجیے**

● مدرسہ معمورہ اور جامعہ بستان عائشہ کی ضروریات ● تعمیری اخراجات
● تحفّظِ ختمِ نبوت کے لٹریچر کی اشاعت کے لیے

اپنی زکوٰۃ و صدقات، خیرات اور عطیات زیادہ سے زیادہ عنایت فرما کر ہماری دینی جدوجہد میں شامل ہوں۔

ملتان میں ہمارے سفیر: جناب عبدالحکیم 0302-7719883
مزید رابطہ نمبرز: 061-4511961,0300-6326621

منجانب: ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان



© rasailojaraid.com